# امامت

<"xml encoding="UTF-8?>




امامت

قرآن کریم:آج میں تمھارے دین کو کامل کردیا تم پر اپنی نعمت پوری کردی اور تمھارے(اس)دین اسلام کو پسند کیا(مائدہ:3)

(۱)امام علیa:امامت،امت کانظام ھے۔

(۲)امام محمد باقرa:اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ھے:نماز،زکات،روزہ،حجاور ولایت۔لیکن جس قدر ولایت کے بارے میں تاکید کی گئی ھے اتنی کسی اور چیزکے بارے میں نھیں۔

(۳)حضرت امام جعفرصادقa:اللّٰہ تعالیٰ اس شخص کے کسی بھی نیک وصالح عمل کو قبول نھیں فرمائے گا جو ایسے ظالم وجائر امام کی ولایت کو مانتاھوگا جسے خدانے مقرر نھیں کیا۔

(۴)امام موسیٰ کاظمa:امامت،نورروشنائی ھے،کیونکہ خداوندعالم ارشاد فرماتاھے فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَ رَسُولِهِ وَ النُّورِ الَّذِي أَنْزَلْنا (تغابن:8)یعنی تم خدا،اس کے رسول اور اس نور پر ایمان لاؤجسے ھم نےنازل کیا،امام aنے فرمایا،وہ نور امام ھی تو ھے۔

(۵)امام رضاa:خداوند عالم نے حجة الوداع کے موقعہ پر جو پیغمبراکرم کی عمر مبارک کا آخری سال تھایہ آیت الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُم... کونازل فرمایا۔پس امامت دین کی تکمیل ھے۔

(٦)امام رضاa:یقیناًامامت اسلام کی بڑھنے پھیلنے والی جڑاور بلند ھونے والی شاخ ھے۔

(۷)امام رضاa:امامت دین کی باگ ڈور،مسلمانوں کانظام،دنیاکی بھتری اور مومنین کی عزت ھے۔

(90)امامت کی فضیلت نبوت پر

قرآن کریم:جب ابراهیم کو ان کے رب نے چندباتوں میں آزمایا اورانهوں نے پوری کردیں تو خدانے فرمایا:میں تم کو لوگوں کا پیشوابنانے والاهوں۔(بقره:124)

(۸)امام صادقa:اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراهیمaکو نبی پهلے اپنا عبد(بنده)بنایا،رسول بنانے سے پهلے نبی بنایا،خلیل بنانے سے پهلے رسول بنایا اور امام بنانے سے پهلے خلیل بنایا اور جب یه تمام صفات ان میں جمع هوگئیں تو پهر اللہ نےان سے خطاب کرکے فرمایا:"میں تمهیں لوگوں کا امام و پیشوابناتاهوں..."

(91)حجت اور رهبرالهیٰ کی ضرورت

(۹)امام محمدباقر یا امام جعفرصادقa:خداوندعالم نے زمین کو بغیر عالم کے نهیں چهوڑا،اگر ایسانه هوتا تو حق اور باطل کی پهچان نه هوسکتی۔

(۱۰)امام جعفرصادقa:جب سے زمین کاوجود عمل میں آیا هے وه حجت خدا سے کبهی خاالی نهیں رهی،کیونکه جب بهی لوگ حق کو ختم کرنے کی کوشش کرتے هیں تو وه اسے زنده کرتاهے۔پهر آپ نے یه آیت تلاوت فرمائی يُرِيدُونَ لِيُطْفِؤُا نُورَ اللَّهِ بِأَفْواهِهِم (صف:8)یعنی وه لوگ اپنے منه سے(پهونک مار کر)خدا کے نور کو بجهانا چاهتے هیں....

(92)امام حجت هے اور اسکی معرفت ضروری هے

(۱۱)امام جعفرصادقa:خداکی حجت خلق خداپر زنده امام کے بغیر قائم نهیں هوسکتی (حتی که)اس کی معرفت حاصل کی جائے۔

(93)حجت خدا کبهی پوشیده بهی هوتی هے

ماخوز از کتاب میزان الحکمہ